فارم کے کارکنوں کے لیے تحفظ

آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ روزگار سے متعلق وفاقی اور ریاستی قوانین موجود ہیں، جو آپ کو اہم تحفظات فراہم کرتے ہیں۔

ہاؤسنگ

رہنے کی جگہیں جو آپ کو اپنی ملازمت کے حصے کے طور پر ملتی ہیں، اُن کا حفاظتی و صحت کے مخصوص معیارات پر پورا اترنا ضروری ہے۔ اگر آپ کا آجر آپ کو رہنے کے لیے جگہ دیتا ہے اور آپ کو لگتا ہے کہ یہ محفوظ یا صاف ستھری نہیں ہے، تو قریب ترین یو۔ ایس۔ ڈپارٹمنٹ آف لیبر (USDOL) ویج اینڈ آور آفس کو کال کریں اور وضاحت کریں کہ آپ کو کیوں لگتا ہے کہ آپ کی رہائش محفوظ نہیں ہے۔ ان کا ٹول فری نمبر **866-487-9243** ہے۔ آپ NYS محکمہ صحت، بیورو آف کمیونٹی انوائرمینٹل ہیلتھ اینڈ فوڈ پروٹیکشن سے بھی ان کے ٹول فری نمبر**1-800-458-1158**، ایکسٹنشن **27600** پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

ادائیگی

اگر آپ کسی فارم پر کام کرتے ہیں، تو آپ کو کام کا تحریری معاہدہ حاصل کرنے کا حق ہے جس میں آپ کی سمجھ میں آنے والی زبان میں آپ کی ملازمت کی شرائط بیان کی گئی ہوں۔ معلومات میں آپ کی تنخواہ کی شرح شامل ہونی چاہیے اور یہ بھی کہ آیا آپ کو گھنٹے کے حساب سے ادائیگی کی جائے گی یا جتنا کام مکمل کیا ہے اس کے حساب سے۔ آپ کے آجر کو معاہدے پر عمل کرنا چاہیے اور آپ کی کم از کم تنخواہ کو کم از کم اجرت جتنا ہونا چاہیے۔ یکم جنوری 2024 سے نافذ العمل، آپ کو اوورٹائم کی ادائیگی آپ کی معمول کی اجرت سے ڈیڑھ گنا (1 1/2 گنا) شرح پر کی جائے گی، اگر آپ کیلنڈر ہفتے میں 56 گھنٹے سے زیادہ کام کرتے ہیں۔

1/1/25 تا 12/31/25	
نیو یارک سٹی	**$16.50** فی گھنٹہ
لانگ آئلینڈ اور ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی	**$16.50** فی گھنٹہ
نیو یارک ریاست کے باقی ماندہ حصے	**$15.50** فی گھنٹہ

آرام کا دن

1 جنوری 2020 سے موثر آپ کو ہر کیلنڈر ہفتے میں کم از کم ایک دن (مسلسل 24 گھنٹے) کا آرام کرنے کا حق حاصل ہے۔ آپ آرام کے دن کے دوران رضاکارانہ طور پر کام کر سکتے ہیں بشرطیکہ آپ کو اوور ٹائم کی شرح پر ادائیگی کی جائے۔

NYS محکمہ مزدوراں، ڈویژن آف لیبر اسٹینڈرڈز کے قریبی دفتر سے **888-469-7365** پر رابطہ کریں اگر:

- آپ کو کام کا تحریری معاہدہ نہیں ملا
- آپ کو وہ تمام تنخواہ نہیں ملی جس کا آپ سے وعدہ کیا گیا تھا
- آپ کی تنخواہ کم از کم اجرت سے کم ہے
- آپ کو اوور ٹائم کی تنخواہ نہیں ملتی
- اگر کیلنڈر ہفتے کے دوران آپ کو ایک دن کا آرام دینے سے انکار کر دیا گیا ہو یا اگر آپ کو اپنے مقرر کردہ آرام کے دن کام کرنے کے لیے اوور ٹائم کی شرح ادا نہ کی گئی ہو

نقل و حمل

اگر آپ فارم لیبر کنٹریکٹر کے لیے کام کرتے ہیں جو آپ کو کام پر لے جاتا اور واپس لاتا ہے، تو آپ جس گاڑی میں سوار ہوتے ہیں اسے وفاقی یا ریاستی حفاظتی معیارات پر پورا اترنا چاہیے اور ٹھیکیدار کے پاس گاڑی کی انشورنس موجود ہونا لازمی ہے۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ گاڑی محفوظ نہیں ہے تو قریبی USDOL ویج اینڈ آور آفس سے رابطہ کریں۔ ان کا ٹول فری نمبر **866-487-9243** ہے۔

کام کرنے کے حالات

وفاقی اور ریاستی قوانین کا تقاضا ہے کہ کارکنان اپنے کام ایسی سیٹنگز میں کرنے کے قابل ہوں جو ان کی صحت یا تندرستی کے لیے خطرہ نہ ہوں۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کے کام کے حالات غیر محفوظ یا صحت بخش نہیں ہیں تو قریبی USDOL ویج اینڈ آور آفس سے رابطہ کریں۔ ان کا ٹول فری نمبر **866-487-9243** ہے۔

دیگر تحفظات

- آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ کو آگاہ کیا جائے اور کام کی جگہ پر لگنے والی چوٹوں کے لیے ورکرز کمپنسیشن کوریج تک رسائی فراہم کی جائے
- اگر آپ اہل ہیں، تو آپ کو کام سے باہر چوٹ یا بیماری کے لیے معذوری کے فوائد (DB) حاصل کرنے کا حق حاصل ہے، اور اپنے پیاروں کے ساتھ وقت گزارنے، ان کی دیکھ بھال کرنے اور مدد فراہم کرنے کے لیے پیڈ فیملی لیو (PFL) انشورنس کوریج کا حق بھی حاصل ہے۔
- آپ کو بے روزگاری کی انشورنس کوریج حاصل کرنے کا حق ہے (نوٹ: H-2A غیر ملکی مہمان کارکنان بے روزگاری کی انشورنس کوریج سے خارج ہیں)
- آپ کو بہتر کام کے حالات کے حصول کے لیے کسی مزدور تنظیم کی تشکیل، شمولیت یا اس کی معاونت کے لیے منظم ہونے کا حق حاصل ہے؛ آپ کو اجتماعی طور پر مذاکرات کرنے کا حق بھی حاصل ہے۔

شکایات

آپ کو NYS ڈپارٹمنٹ آف لیبر سے شکایت کرنے کا حق حاصل ہے جب:

- ایک ایسی ملازمت کے سلسلے میں آجر کے ساتھ مسئلہ ہو جس کی طرف محکمہ مزدوراں نے آپ کو بھیجا تھا
- آپ محسوس کرتے ہیں کہ ریاستی محکمہ مزدوراں سے آپ کو موصول ہونے والی سروس میں کچھ گڑبڑ ہے

اگر آپ کی شکایت کسی اور چیز کے بارے میں ہے، تو محکمے کا عملہ مسئلے کو درست کرنے کے لیے صحیح ایجنسی تلاش کرنے میں آپ کی مدد کرے گا آپ کی فون بک کے نیلے صفحات میں درج قریب ترین دفتر پر NYS ڈپارٹمنٹ آف لیبر سے رابطہ کریں، یا **888-469-7365** پر کال کریں۔

نیویارک اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ آف لیبر ایک مساوی مواقع کا آجر/پروگرام ہے۔
درخواست پر معاون سہولیات اور خدمات دستیاب ہیں اور معذوری کے حامل افراد کے لیے بلا معاوضہ ہیں TTY/TDD 711 یا 1-800-662-1220 (انگریزی) / 1-877-662-4886